حکمت 2:1-12، 22　　　مزمور 33

مقدس یوحنا 7:1۔2، 10، 25۔30

## مَیں اُسے جانتا ہُوں اِس لئے کہ مَیں اُس کی طرف سے ہُوں۔

## مقدس یوحنا 7:29

خُداوند یسوعؔ مسیح یہودیوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ یہودیوں کا خیال تھا کہ وہ اُسے جانتے ہیں۔ وہ اپنی گواہی کے ذریعے یہ بتانے سے اُن پر ظاہر کرنے کی کوشش کرتا ہےَ کہ وہ باپ کو جانتا ہےَ۔ اِس لئے کہ باپ نے اُسے بھیجا ہےَ۔ اِس سے یہودی ٹھوکر کھا کر اُسے گرفتار کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

اَے روح القدس آ، اَور شکرگزاری کے ساتھ خُداوند یسوعؔ مسیح کو قبول کرنے میں ہماری مدد کر۔

ارمیا11:18۔20 مزمور7

## مقدس یوحنا7:40۔53

## کسی اِنسان نے کبھی ایسا کلام نہیں کیا۔ مقدس یوحنا7:45

فریسی، کاہن اَور بزرگ جو خُداوند یسوعؔ مسیح سے حسد کرتے تھے۔ اُنہوں نے اُسے گرفتار کرنے کے لئے اپنے پیادے بھیجے۔ وہ خالی ہاتھ واپس لوٹ آئے۔ اَور اُنہوں نے خُداوند یسوعؔ مسیح کے کلام کی تعریف کی اَور اِس کا اظہار کیا۔ اِس پر اُن کو ملامت کی گئی۔

اَے پیارے یسوعؔ، تو نے ہمیں رہائی دلائی تا کہ ہم تیری محبت کو قبول کر سکیں۔ ہم تیرا شکر کرتے ہیں!

اشعیا 43:16۔21 مزمور 125

فیلپیوں 3:8۔14 مقدس یوحنا 8:1۔11

## یسوعؔ نے مجھے اپنا بنالیا ہے۔فیلپیوں 3:12

دمشقؔ کی راہ پر جی اُٹھے یسوعؔ نے مقدس پولوسؔ کو چُن لیا۔اَور مقدس پولوسؔ رسول اپنی پوری زندگی اُس کے لئے وقف کرنے پر آمادہ ہے۔وہ ہر چیز کو پیچھے چھوڑنا چاہتا ہے۔ اَور اُسے اپنے ماضی کی تشکیل کو ہیچ سمجھتا ہے جو اُس نے کئی سالوں کی محنت اَور دستبرداری کے بعد حاصل کی تھی۔کوئی چیز اُس کے خُداوند کی محبت اَور نُور سے موازنہ نہیں کرسکتی۔

اَے پیارے یسوعؔ تیرا شکر ہو۔تو نے میرے اندر بھی اپنے لئے جینے اَور مرنے کی آرزو پیدا کی ہے۔

دانیال 1:13۔9،15۔17،19۔30،33۔62 مزمور 22

مقدس یوحنا 8:12۔20

## مَیں خود اپنے بارے میں گواہی دیتا ہُوں۔مقدس یوحنا 8:19

یسوؔع کو معلوم ہےَ کہ وہ باپ کی طرف سے آیا ہےَ۔دریائے اُردؔن پر اُس کے بپتسمہ کے وقت باپ نے اُس کی خود گواہی دی۔وہ اپنے مخالفین سے یقین اَور محبت کے ساتھ بات کرسکتا ہےَ۔تب وہ اپنے مخالفین کے ساتھ اِس قدر یقین اَور محبت کے ساتھ بات کرسکتے ہیں تاکہ اُس کے کلام پر اِیمان لانے میں اُن کی مدد کی جاسکے۔

اے پیارے یسوؔع، تیری محبت کے لئے تیرا شکر ہو۔عطا کرکہ تیری مدد سے مَیں تیری خدمت میں ثابت قدم رہنے کے قابل بن جاؤں۔

عدد 21:4۔9 مزمور 101

## مقدس یوحنا 8:12۔30

## جس نے مجھے بھیجا ہے وہ میرے ساتھ ہے۔ مقدس یوحنا 8:29

یسوعؔ کو معلوم ہے کہ اُس کے باپ نے اُسے بھیجا ہے۔ جب وہ بارہ برس کا تھا۔ تو وہ اِس حقیقت سے باخبر تھا۔ اُس نے مقدسہ مریمؔ اَور مقدس یوسفؔ کو جواب دیا ’’کیا تمہیں یہ خیال نہ تھا کہ وہ ضرور اپنے باپ کے گھر میں ہوگا؟‘‘۔ وہ واقعی تمام نوشتوں سے وفادار رہا، بالخصوص جو اُس کے دُکھوں اَور موت کے متعلق تھے۔ اُس نے ہر لمحہ ثابت کیا کہ وہ باپ کے ساتھ ایک ہے۔

دانیال 3: 14-20، 46-50، 91-92، 95      دانیال 3: 52-56

## مقدس یوحنا 8: 12-20

## سچائی کو جانو گے اَور سچائی تم کو آزاد کرے گی۔ مقدس یوحنا 8: 32

اَے پیارے یسوعؔ تجھ پر، اَور تیرے کلام پر ہمارا مکمل بھروسہ ہمیں تمام مشکلات سے آزاد کر دے گا۔ تُو خُداوند ہمیں اِس بات کی یقین دہانی کراتا ہےَ۔ تو حق ہےَ۔ اِس لئے کہ تو پوشیدہ خُدا کو ہم پر ظاہر کرتا ہےَ جب ہم اُسے جاننے لگتے ہیں۔ تو پھر دُنیا میں تمام دھوکے اَور جھوٹ ہمارے لئے رکاوٹ نہیں بنیں گے۔ تب ہم محبت کرنے میں آزاد ہوں گے۔

تکوین 3:17۔9

مزمور 104

## مقدس یوحنا 8:51-59

## ابرا ہیمؑ کے وجود سے پیشتر میَں ہُوں۔ مقدس یوحنا 8:58

خُداوند یسوعؑ مسیح یہودی بزرگوں سے بات چیت کر رہے ہیں جو اُنہیں قبول نہیں کرتے۔ اَور جو اُسے خُدا اَور اُس کے بیٹے کی طرف سے بھیجا ہوا موعودہ مسیح کے طور پر نہیں پہنچانتے۔ خُداوند یسوعؑ مسیح اُن کی مدد کرنے کی کوشش میں ہیں۔ لیکن اُنہیں پتہ چلتا ہے کہ اُن کے دِل بند ہیں۔ وہ خُدا میں ہونے اَور ابرا ہیمؑ سے پہلے وجود میں ہونے کی توثیق کرتے ہیں۔ اِس بناء پر وہ اُسے سنگسار کریں گے۔

اَے پیارے یسوعؑ ہم پر رحم کر۔ ہماری مدد کو آ تا کہ ہم تجھے قبول کرنا جان سکیں۔

ارمیا 20:10۔13 مزمور 17

## مقدس یوحنا 10:31۔42

## باپ مجھ میں ہے اَور مَیں باپ میں ہُوں۔ مقدس یوحنا 10:38

خُداوند یسوعؔ مسیح لوگوں کے اُن سرداروں سے بات کررہے ہیں جو پوچھتے ہیں کہ کیا وہ مسیح ہے۔وہ بتاتے ہیں کہ آنے والے دِنوں میں ہونے والے کام اُس کی گواہی دیتے ہیں۔اُس نے جنم کے اندھے کو شفا دی۔اُس نے پانچ روٹیوں اور دو مچھلیوں کا معجزہ کیا، اُس نے لوگوں کی اِس طرح دیکھ بھال کی جیسے چرواہا اپنی بھیڑوں کی کرتا ہے۔

اَے پیارے یسوعؔ ایمان کی نعمت کے لئے تیرا شکر ہو کہ تجھے باپ نے بھیجا ہے۔اَور کہ تو اُس کا دِل اَور کلمہ ہے۔

حزقیال 37: 21۔28 مزمور: ارمیا 31: 10۔13

مقدس یوحنا 11: 45۔56

## مَیں اُن کا خُدا ہُوں گا اَور وہ میری اُمت ہوں گے۔حزقیال 37: 27

ستر برس تک بابلؔ میں بنی اسرائیلؔ پرظلم وستم ہوتا رہا اَور اُن کا استحصال کیا جا تا رہا۔صرف اُن میں سے چندلوگ رہ گئے تھے جو سچے خُدا کی عبادت کرتے اَور اُس کےقوانین پر عمل کرتے تھے۔انبیاء نے لوگوں کا چلانا خُدا کے حضور پہنچایا اَور اُس نے اُن کی سُن لی کہ وہ اُن کو اُن کی سرزمین میں واپس لائے گا۔

اَے پیارے یسوعؔ،تو جومصیبت زدہ لوگوں کی اُمیدوں سے بھرپور اُمنگ کو پورا کرنے کے لئے تیار ہوتا ہے تا کہ وہ دوبارہ سے تجھے اپنا خُدا ماننے لگیں۔

مقدس لوقا 19:28-40　　اشعیا 50:4-7　　مزمور 21

فیلپیوں 2:6۔11　　دُکھوں کا بیان مقدس لوقا 22:14۔23:56

## اَے باپ اگر تو چاہے تو یہ پیالہ مجھ سے ہٹا لے۔ مقدس لوقا 22:42

اَے پیارے یسوعؑ، تو نے مکمل طور پر خود کو باپ کی مرضی کے حوالے کر دیا۔ ایک لمحہ تیرے نعرے لگائے جاتے ہیں۔ اَور دوسرے لمحے تجھے انسانوں نے اپنے ظلم کا نشانہ بنایا۔ تو نے اپنے غیر منصفانہ فتوے اَور ظالمانہ مصائب کے ذریعے ہمیں بچانے کے لئے یہ سب کچھ محبت کے ساتھ برداشت کیا۔ ہم تیرا شکر ادا کرتے ہیں۔ کیونکہ تو اپنی صلیب سے ہمیں اپنے قریب کھینچ لاتا ہےَ۔

اشعیا42: 1۔7 مزمور26

## مقدس یوحنا12: 1۔11

## مَیں نے اپنی رُوح اُس پر ڈالی۔اشعیا42: 1

ہم پاک ہفتے میں ہیں ۔آئیں ہم اپنی نگاہیں حلیم اَور دل کے عاجز، روح القدس، صبر، مضبوطی اَور وفاداری سے معمور یسوؔع پر لگائیں۔وہ باپ سے عرش سے فرش پر آیا تاکہ ہم اُس کی مانند بن جائیں۔ہم اُسے یہ پورا ہفتہ ایک عاجزی اَور عظیم شکریہ کے طور پر پیش کرتے ہیں۔

اشعیا 49:1۔6

مزمور 70

مقدس یوحنا 13:21-33,36-38

## جہاں میں جاتا ہُوں تُم نہیں آسکتے۔ مقدس یوحنا 13:33

یسوعؔ رفاقت میں اپنے رسولوں کے ساتھ کھانا کھاتے ہیں۔ وہ اپنے باپ کو زندگی کا پورا نذرانہ پیش کرتا ہے۔ حتیٰ کہ وہ موت تک اپنے آپ کو پیش کرتا ہے۔ وہ اپنے شاگردوں کو بتاتا ہے کہ وہ ابھی اُس کی تقلید کرنے کے اہل نہیں ہیں۔ بلکہ وہ صرف روح القدس پانے کے بعد اُس کی تقلید کرنے کے اہل ہوں گے۔

اے پیارے یسوعؔ، میری خاطر بھی قربانی میں خود کو پیش کرنے کے لئے تیرا شکر ہو۔

اشعیا 50:4-9

مزمور 68

## مقدس متی 26:14-25

## تُو کہاں چاہتا ہے کہ ہم تیرے لئے فسح کھانے کی تیاری کریں۔

## مقدس متی 26:17

جب یہوؔدہ اسخر یوتی خُداوند یسوؔع مسیح کو پکڑوانے کا منصوبہ بنا رہا تھا۔تو دوسرے شاگرد فسح کی تیاری میں مصروف تھے۔آئیں اِسی طرح ان ایام میں اپنے دلوں اَور گھروں کو تیار کریں۔جو خُداوند یسوؔع مسیح کے لئے عزت کا مقام ہیں۔

خروج 12:1۔8،11۔14　　مزمور 115

1۔قرنتیوں 11:23۔26　　مقدس یوحنا 13:1۔15

## اگر مَیں تجھے نہ دھوؤں تو میرے ساتھ تیرا حصہ نہ ہوگا۔ مقدس یوحنا 13:8

یہ الفاظ مقدس پطرسؔ، مجھ سے اَور آپ سے بھی کہے گئے ہیں۔ یہ بالکل ایسے ہی ہیں جیسے :''جب تک تم میری خدمت اَور محبت اپنے لئے قبول نہ کرو۔ تم نہ تو مجھ سے وفادار رہ سکتے ہو، نہ ہی میرے خاندان یعنی کلیسیا میں ٹھہر سکتے ہو۔

اے پیارے یسوؔع تیرے پیار اَور تیری خدمت کا شکر ہو۔ جو تو نے اپنے کاہنوں کے ذریعے اپنی آزاد مرضی سے ہمیں پیش کی ہے۔ اپنے روح کی قوت اُن کی مدد کر۔

اشعیا 52:13-53:12 مزمور 30

عبرانیوں 4:14۔16؛5:7۔9 مقدس یوحنا 18:1۔19،42

## میرا صادق خادم بہتیروں کو صادق ٹھہرائے گا۔ اشعیا 53:11

اِس کلام میں سچائی پائی جاتی ہے۔ کتنی بار باپ کے وفادار خادم یسوعؔ نے ہمیں صادق ٹھہرایا ہے۔ ہر بار جب ہم اعتراف کے ساکرامنٹ میں، تیرے خادموں کے سامنے اپنے دل کھول کر تیرے پاس معافی مانگنے آئے ہیں۔
اے پیارے یسوعؔ صلیب پر قربانی کے لئے تیرا شکر ہو۔ اِس سے تو موت، حتیٰ کہ میرے دِل کی موت پر غالب آیا ہے۔

تکوین 1:1-2:2

مزمور 103

مقدس لوقا 24:1-12

## خُدا کا کلام زندہ اَور موئثر ہے۔ عبرانیوں 4:12

مَیں نے کئی بار اِس حقیقت کو پرکھا ہے۔ خُداوند یسوعؔ مسیح کے کلام نے مجھے زندگی بخشی ہے۔ مجھے بُرے کاموں سے روکا ہے۔ مجھے نیک اعمال سرانجام دینے کی طاقت اَور مجھے اِسے عمل میں لانے کی خوشی بخشی ہے۔ اے پیارے یسوعؔ تیرا شکر ہو کہ مَیں تجھے سن سکتا ہُوں۔ اِس لئے کہ حقیقی زندگی تو ہی ہے۔ جو گہری سلامتی سے معمور ہے۔ حتیٰ کہ آج تیری خاموشی بھی مجھ سے کچھ کہتی ہے۔

## صبح کی عبادت

اعمال 10:34، 37۔43 | مزمور 117

کلسیوں 3:1۔4 یا 1۔قرنتیوں 5:6۔8

مقدس یوحنا 20:1۔9 یا مقدس لوقا 24:13۔35

**ہمارے ساتھ رہ کیونکہ شام ہونے لگی ہے۔مقدس لوقا 24:29**

عمواس کی راہ پر دو شاگرد چاہتے ہیں کہ جو شخص راہ میں اُن کے ساتھ ہو لیا تھا وہ اُن کے ساتھ رہے۔ وہ اُن کی دعوت قبول کرتا ہے۔ جبکہ اُنہوں نے کھانا کھاتے وقت اُس کی حرکات وسکنات سے اُسے پہچان لیا تھا کہ وہ یسوعؔ ہے۔ اَور کہ وہ جی اُٹھا ہے۔ وہ خوشی سے معمور ہو کر یہ خوشخبری اُن دوسرے شاگردوں کو بتانے جاتے ہیں۔ جو خود کو مایوس سمجھتے تھے۔ ہر اتوار یسوعؔ خود کو ہم پر ظاہر کرتے ہیں اَور ہمیں خوشی سے معمور کرتے ہیں۔

ہیلیلو یاہ!

اعمال 2:14، 22۔33 | مزمور 15

## مقدس متی 28:8۔15

## یسوعؔ اچانک اُنہیں ملا۔ مقدس متی 28:9

عورتیں فرشتے کی بات مانتی ہیں۔ وہ یسوعؔ کے شاگردوں کے پاس جاتی اَور اُن کو اُس کے جی اُٹھنے کی خبر دیتی ہیں۔ اَور جی اُٹھا خُداوند اُن سے ملتا ہےَ۔ جب ہم بھی محبت اَور خوشی کے ساتھ اُس کے ایلچیوں کی مانتے ہیں۔ تو وہ درحقیقت ہم سے کہتا ہےَ ''مَیں خود کو اُس پر ظاہر کروں گا جو مجھے پیار کرتا ہے''۔

اعمال 2:36۔41 مزمور 32

مقدس یوحنا 20:11۔18

## مجھ سے نہ چمٹنا۔ مقدس یوحنا 20:17

مریمؔ مجدلی خوشبویات کے ساتھ قبر پر جاتی ہے تاکہ یسوعؔ کی لاش کی حُرمت کی تیاریوں کا جو عمل تھا اُسے مکمل کر سکے۔ وہ لاش کو وہاں نہیں پاتی۔ وہ یسوعؔ کو نہیں پہچانتی۔ وہ اُسے باغبان سمجھ کر اُس سے پوچھتی ہے کہ اُنہوں نے اُسے کہاں رکھا ہے۔ جس شخص سے وہ پوچھتی ہے وہ اُس کا نام لیتا ہے۔ اور وہ یہ بھی اُس سے کہتا ہے کہ اُس سے نہ چمٹنا۔ وہ اُسے خوش کرنے کے لئے نہیں بلکہ اُسے ایک نیا مشن سونپنے کے لئے اُس پر ظاہر ہوا۔

**اعمال 3:1-10** | **مزمور 104**

## مقدس لوقا 24:13-35

## خُداوند سچ مُچ جی اُٹھا ہے۔ مقدس لوقا 24:34

وہ جنہوں نے یسوعؔ کو صلیب پر مرتے اَور اُس کی تکفین و تدفین کو دیکھا تھا۔ وہ بعد میں اُس زندہ سے ملے۔ اَور اُنہوں نے تصلیب کے زخموں سے اُس کو پایا۔ اَور اُنہوں نے اِس کی گواہی دی۔ اُس پر اپنے ایمان میں ہم بھی پورے یقین کے ساتھ کہتے ہیں کہ وہ ہمیشہ کے لئے زندہ ہے۔ ہم نے اپنے بہن بھائیوں کے لئے اُس کی محبت کی زندگی گزارتے ہوئے واقعی اُس کی نئی زندگی کا تجربہ کیا ہے۔

## مقدس انسلم

اعمال3:11-26 مزمور8

### مقدس لوقا 24:35-48

### تمہارے دِل میں کیوں شک پیدا ہوُ ا؟ مقدس لوقا24:38

زندہ یسوعؔ کو دیکھ کر شاگرداب بھی شک کرتے ہیں۔اَور اِیمانداروں کے دلوں میں بھی اُس وقت شک پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ جب تک وہ اُس کی خاطر صلیب کا سامنا نہیں کرتے۔ جوکوئی اُس کی مصلوب محبت میں شریک ہوتا ہےَ۔وہ پھر کبھی شک نہیں کرے گا۔

اعمال 4:1-12 مزمور 117

## مقدس یوحنا 21:1-14

## یسوعؔ کنارے پر کھڑا ہؤا۔ مقدس یوحنا 21:4

خُداوند یسوعؔ مسیح نے اپنے شاگردوں سے جو وعدہ کیا تھا۔ وہ اُس پر قائم رہے۔ کہ وہ اُسے موت اَور جی اُٹھنے کے بعد دوبارہ دیکھیں گے۔ وہ اُن کے سامنے آ کر کھڑے ہوجاتے ہیں۔ وہ اپنے جی اُٹھنے بدن سمیت انہیں اپنی محبت سے پہچاننے دیتے ہیں۔ اُس کے کلام کی فرمانبرداری کے لئے شکر ہو۔ یہی فرمانبرداری ایمان ہے۔ جو معجزانہ طور پر مچھلی پکڑنے کا کمال ہے۔

## مقدس جارج اور مقدس آڈلبرٹ

اعمال 4:13-21

مزمور 117

## مقدس مرقس 16:9-15

### تم تمام دُنیا میں جا کر ساری خلقت کو انجیل کی منادی کرو۔

### مقدس مرقس 16:15

اے پیارے یسوؔع تیرا شکر ہو۔ اگرچہ تیرے شاگرد کمزور تھے مگر تو نے اُن پر اعتماد کیا۔ تو نے اُنہیں ہر ایک کو اپنی زندگی، موت اَور جی اُٹھنے کا پھل بطور تحفہ دینے کے لئے بھیجا۔ آج ہم کلیسیا میں اِسی پھل سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ اے مقدس جارج تیرا شکر کیونکہ تو یسوؔع کو پیار کرنے اَور اُس کی گواہی دینے میں ہماری مدد کرتا ہےَ۔

سیگمارنجن کے مقدس فیڈیلس مقدسہ میری یوفراسیہ پیلسپیتر

اعمال 5:12-16　　مزمور117

مکاشفہ1:9-13,17-19　　مقدس یوحنا 20:19-31

## اپنی اُنگلی پاس لاکر یہاں داخل کر۔ مقدس یوحنا 20:27

جی اُٹھا یسوؔع پہلے ہی سبت کے بعد پہلے دِن کی شام کو رسولوں پر ظاہر ہو چکا تھا۔ توؔما رسول وہاں پر موجود نہیں تھا۔ اُس نے اُن باتوں کا یقین کرنے سے انکار کیا جو بھائی اُسے بتا رہے تھے۔ خُداوند یسوؔع مسیح نے اپنے عظیم رحم سے آٹھ روز بعد نئے ہفتے کے آغاز پر اُن کے درمیان آکھڑے ہوئے۔ اَور توؔما کو اپنی پسلی میں ہاتھ ڈالنے کو کہا۔ اَے پیارے یسوؔع تیرے صبر کے ساتھ انتظار کرنے کا شُکر ہو۔ ہم بھی توؔما رسول کے الفاظ میں تجھے بتانا چاہتے ہیں کہ ''تو میرا خُداوند اَور میرا خُدا ہے''۔

# مقدس مرقس انجیل نویس کی عید

1۔پطرس 5:5-14
مزمور 88

## مقدس مرقس 16:15-20

## جو ایمان لاتا اور بپتسمہ پاتا ہے۔وہ نجات حاصل کرے گا۔

## مقدس مرقس 16:16

میں خُداوند یسوعؔ مسیح کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اُس کی محبت کی خوشخبری مجھ تک بھی پہنچی ہے۔میں اُس کا شکر ادا کرتا ہوں کہ میں انا جیل میں اُسے قبول کرسکتا ہوں اور اُس پر گیان و دھیان کرسکتا ہوں۔میں اُس کا شکر کرتا ہوں کہ میں بپتسمہ کے وسیلے سے باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے اُس کی محبت میں غوطہ زن ہو چکا ہوں۔

اعمال4:32-37

مزمور92

## مقدس یوحنا 3:7-15

## ہَوا جدھر چاہتی ہے چلتی ہے۔ مقدس یوحنا 3:8

خُداوند یسوعؔ مسیح نیقودیمسؔ کے سوالوں کے جواب دیتے ہیں۔ اَور اُسے ہَوا کہ بارے میں بتاتے ہیں کہ یہ جدھر چاہتی ہے چلتی ہے۔ ہم اِس کی آواز سنتے ہیں۔ مگر ہم جان نہیں سکتے کہ یہ کہاں سے آتی اور کدھر کو جاتی ہے۔ ایسا ہی اُس شخص کے ساتھ ہوتا ہے جو خُداوند یسوعؔ مسیح کے روح سے متحرک ہوتا ہے۔ ہم اِس کے پیشگی ردعمل کو جان نہیں سکتے۔ کیا وہ گال پر تھپڑ قبول کرتا ہے؟ وہ واپس تھپڑ نہیں مارتا۔ بلکہ مسکراتا رہتا ہے۔

اعمال 5:17-26 مزمور 33

## مقدس یوحنا 3:16-21

## جو کوئی بدی کرتا ہے وہ نور سے دشمنی رکھتا ہے۔ مقدس یوحنا 3:20

جب کبھی میں خُداوند یسوعؔ مسیح کی مرضی کے مطابق نہیں چلتا۔ خواہ یہ چھوٹی چھوٹی باتیں ہی کیوں نہ ہوں۔ میں اِسے چھپانے کو ترجیح دیتا ہوں۔ تا کہ میری اصلاح نہ کی جائے۔ اَے پیارے یسوعؔ تو مجھے اپنی کمزوریوں کو چھپائے بغیر اِن کو پہچاننے اَور تیری اصلاح اور معافی کو قبول کرنے میں میری مدد کر۔

# مقدس پطرس شانیل

اعمال 5:27-33

مزمور 33

## مقدس یوحنا 3:31-36

**جو بیٹے پر اِیمان لاتا ہے وہ ہمیشہ کی زندگی رکھتا ہے۔ مقدس یوحنا 3:36**

بیٹے پر ایمان لانا صرف ہمارے ذہن کا معاملہ نہیں۔ بلکہ یہ ایک ٹھوس فرمانبرداری بن جاتی ہے۔ یہ اِس قسم کی فرمانبرداری ہے جو ہمیں خُدا کے فرزندوں میں اَور اُن لوگوں میں بدل دیتی ہے جن سے اُس کی حکمت ظاہر ہوتی ہے۔ جو بھی اسقاطِ حمل کی تائید کرتا یا نوجوانوں کو مسیحی شادی کے بغیر اکٹھے رہنے یا جب دِل چاہے اتوار کی پاک ماس میں شریک ہونے کا مشورہ دیتا ہے۔ اِس قسم کا شخص نہ تو بیٹے میں موجود باپ کی ابدی زندگی کے مطابق زندگی گزارتا اَور نہ اُسے ظاہر کرتا ہے۔

# سینا کی مقدسہ کیتھرین

1۔یوحنا1:5-2:2 مزمور102

## مقدس متی11:25-30

## میرے باپ سے سب کچھ مجھے سونپا گیا۔مقدس متی11:27

اگر چہ یسوع کو معلوم ہے کہ اُس نے کئی کرشمے دکھائے مگر چند لوگوں نے اُسے قبول کیا۔ وہ صبر اور دھیان سے انتظار کرتا ہے کہ باپ اُسے ظاہر کرے کہ وہ کون ہے۔اُس کا بیٹا، خُدا جو زمین پر اُترا ہے۔باپ کی ساری محبت درحقیقت اُسے دی گئی ہے تا کہ جو کوئی اُسے قبول کرے وہ ابدی زندگی پائے۔مقدسہ کیتھرین یورپ کے لئے دُعا کرتی ہیں تا کہ یسوع کی بادشاہی کی موجودگی کھلے عام ظاہر ہو جائے۔

# پوپ پائس پنجم

اعمال 6:1-7
مزمور 32

## مقدس یوحنا 6:16-21

### تُند ہَوا کے سبب جھیل میں موجیں اُٹھنے لگیں۔ مقدس یوحنا 6:18

جس طرح یسوعؔ کے شاگرد اُس رات کشتی پر گھبرائے ہوئے تھے۔ اِسی طرح ہم دُنیا میں تُند ہَوا یعنی بہت سی مشکلات سے گھبرا جاتے ہیں۔ ہم خود کو بے بس اَور کمزور محسوس کرتے ہیں اَور کسی ایسے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں جو ہمیں بچانے کو آئے۔ صرف یسوعؔ میں ہی ہمیں ایک مضبوط پناہ مل سکتی ہے۔ خُدا باپ نے اُسے ہمارے نجات دہندہ کے طور پر بھیجا ہے۔ اَے خُداوند یسوعؔ آ۔